روایت میں یہ بھی آتا ہے کہ جھوٹ بولنے والے کے منہ سے اسقدر بدبو نکلتی ہے کہ ملائکہ اسکی وجہ سے دور چلے جاتے ہیں جھوٹ کے اندر ریا بھی پایا جاتا ہے وہ ریا جسکو شرک کے مشابہ کہا گیا ہے شرک وہ ہے کہ جس کے مرتکب ہونیسے تمام اعمال حسنہ ضائع و برباد ہوجاتے ہیں۔ اسی راست گوئی کے متعلق داعی اسلام سردار دوجہاں ارشاد فرماتے ہیں۔ الصدق ینجی والکذب یھلک، ترجمہ سچائی نجات دیتی ہے اور جھوٹ ہلاک کردیتا ہے۔ لیکن آہ افسوس صد افسوس جملہ مسلمانوں خصوصاً مسلمانانِ ہند کی حالت پر کہ انہوں نے راست گوئی کو بالکل نظر انداز کردیا ہے اور جھوٹ کو اپنا طرۂ امتیاز سمجھ لیا ہے۔ پس ہم لوگوں کو چاہیئے کہ اللہ کے حبیب کے فرمان پر عمل کریں وہ فرمان کہ جس سے خدا راضی ہوتا ہے ؎

راستی موجب رضائے خدا ست ؏ کس ندیدم کہ گم شد از راہ راست

MUSLIM UN… کتب خانہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی DELHI.

(بقیہ مناسبات)

عربی مدارس کیلئے مفید اعلان

دارالحدیث رحمانیہ اپنے طرز تعلیم کی خوبی اور طلبہ میں علمی لیاقت پیدا کرنے میں جس حد تک کامیاب ہے وہ محتاج بیان نہیں بفضل خدا ہر سال دارالحدیث سے متعدد طلبہ کامیاب ہوکر فارغ التحصیل ہوتے ہیں جو ملک و قوم کی صحیح طور پر درسی و تبلیغی خدمتیں انجام دے سکتے ہیں لیکن اہل ضرورت کو انکی کوئی اطلاع نہ ہونیکی وجہ سے مناسب اور حسب خواہ آدمی نہیں ملتا جس سے انکی علمی درسی تبلیغی اور دوسری ضرورتیں بخوبی پوری نہیں ہوتیں۔ اس دشواری کو دیکھتے ہوئے ہم جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب مہتمم دارالحدیث رحمانیہ سے اجازت لیکر صرف جماعت کے فائدے کیلئے یہ اعلان کرتے ہیں کہ عربی مدارس، تبلیغی انجمنیں اور دوسرے شعبہ ہائے اشاعت و تالیف یا وعظ و تقریر جہاں بھی کسی عالم کی ضرورت ہو وہ اپنی شرائط کے ساتھ مہتمم صاحب مدظلہ کو اطلاع دیں۔ انہیں جیسے عالم کی ضرورت ہوگی ویسے ہی حسب طبع رحمانی عالم ان کو مہیا کردیا جائیگا۔

اس سلسلہ میں رحمانیہ کے فارغ التحصیل علما بھی اپنی موجودہ حالتوں سے مہتمم صاحب کو اطلاع دیتے رہیں تاکہ اگر ضرورت ہو تو انہیں کوئی جگہ لگادی جائے۔ یہ حضرت مولانا محمد صاحب جوناگڈھی کی نہایت مبارک تجویز ہے جس سے ہمیں یقین ہے کہ اہل حاجت اور رحمانی طرفین کی بہت سی دقتیں مہتمم صاحب مدظلہ کے ذریعہ آسان ہوجائینگی ہم مولانا موصوف کا شکریہ اور جناب مہتمم صاحب کیلئے خیر کی دعا کرتے ہوئے تمام قدیم و جدید علمائے رحمانی اور ان حضرات سے جنہیں عالمانِ دین کی ضرورت پڑتی ہے سفارش کرینگے کہ اس اعلان کا برابر خیال رکھیں اور اس موقعہ سے حسب ضرورت فائدہ اٹھانیکی کوشش کریں:- مدیر

دفتری اطلاع۔ محرم میں جنکی خریداری ختم ہوئی تھی ان میں جن لوگوں نے آئندہ سال کیلئے ٹکٹ نہیں بھیجے ان کے نام رسالہ بند کردیا گیا ماہ صفر میں جنکی خریداری ختم تھی انہیں باوجود اطلاع کے یہ پرچہ بھی بھیجا جارہا ہے اب آئندہ اگر وہ لوگ اپنے ٹکٹ بھیجیں گے تو رسالہ انکے نام جاری رہیگا ورنہ مجبوراً بند کردیا جائیگا۔ اسی طرح اس مہینہ (ربیع الاول جون) میں جنکی خریداری ختم ہوتی ہے وہ اپنے ٹکٹ بحساب ہر ماہ کسر آئندہ کیلئے بھیجنے کی جلد کوشش کریں محرم صفر ربیع الاول میں ایک حیثیت سے لیکر ٹکٹ کی میعاد ختم ہونیکی خط و کتابت میں چٹ نمبر جو آپکے نام کا ہے ضرور تحریر کریں ورنہ ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیں۔ منیجر

جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب پروپرائیٹر و پبلشر نے جید برقی پریس بلیماراں دہلی میں چھپواکر دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا